© rasailojaraid.com



شفیق الدین فاروقی

## وفیات

**مولانا محمد طاسینؒ کی وفات** : گزشتہ ماہ ممتاز محقق، مذہبی سکالر محدث عصر مولانا محمد یوسف بنوریؒ کے داماد اور مجلس علمی کے ڈائریکٹر مولانا طاسین صاحبؒ انتقال فرماگئے۔ مولانا ایک بہت بڑے محقق تھے۔ اور خصوصاً اسلام کے معاشی نظام اور اسلامی اقتصادیات کے حوالے سے ایک اتھارٹی کی حیثیت رکھتے تھے۔ مرحومؒ کئی علمی اور تحقیقی کتابوں کے مصنف ہونے کے علاوہ مجلس علمی کراچی کے روح رواں تھے۔"الحق" کے قارئین کو انہوں نے اپنے قیمتی گرانقدر مقالات اور علمی مضامین سے نوازا۔ اور گاہ بگاہ آپ کے مضامین "الحق" کی زینت بنتے۔ اللہ تعالیٰ مرحومؒ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور آپکے علمی باقیات سے امت کو مستفیض فرمائے (آمین)

**مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب کو صدمہ** : ۲۲۔رمضان المبارک کو دارالعلوم حقانیہ کے مدرس مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی صاحب کے عمزاد بھائی اور بہنوئی جناب عبدالدیان صاحبؒ انتقال کر گئے۔ مرحومؒ انتہائی نیک، ہمدرد اور فلاحی اور دینی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے انسان تھے۔ نماز جنازہ میں حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نائب مہتمم مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ، مولانا حامد الحق حقانی اور مدیر "الحق" مولانا راشد الحق حقانی کے علاوہ دیگر اساتذہ دارالعلوم حقانیہ اور علاقہ کے علماء اور صلحاء نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ دارالعلوم حقانیہ کے شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحب مدظلہ نے باوجود علالت نماز جنازہ پڑھائی اور تدفین کے بعد حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے انتہائی نصیحت آموز اور درد انگیز خطاب فرمایا۔ ادارہ مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب کیساتھ تعزیت کرتا ہے اور قارئین سے بھی دعاؤں کی درخواست ہے۔

**حضرت شیخ الحدیثؒ کے خصوصی معالج ڈاکٹر ارشاد صاحب کی رحلت**

رمضان المبارک میں دارالعلوم حقانیہ کے انتہائی مخلص اور معاون جناب ڈاکٹر ارشاد صاحب مختصر علالت کے بعد انتقال فرماگئے (اناللہ وانا الیہ راجعون) مرحومؒ ڈینٹل سرجن تھے اور گزشتہ تیس



© rasailojaraid.com